بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**حرفِ اوّل**

# قرآن کالج میں ایم اے کلاسز کے اِجراء کا فیصلہ

قرآن کالج کے بورڈ آف گورنرز کی حالیہ میٹنگ میں تدریس سے متعلق بعض اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ ان فیصلوں پر مشتمل ایک جامع رپورٹ جو ناظمِ کالج جناب لطف الرحمٰن خان صاحب نے مرتب کی ہے' پیش خدمت ہے:

" قرآن کالج سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے علم میں یہ بات پہلے ہی لائی جاچکی ہے کہ آئندہ تعلیمی سال سے کالج میں ایف۔اے تربیتی سال ختم کردیا جائے گا اور لاہور بورڈ کے نصابی مضامین کے ساتھ کالج کے اضافی مضامین کی بھرپور تدریس ان شاء اللہ دو سال ہی میں مکمل کی جائے گی۔ اس طرح اس سال میٹرک پاس کرنے والے جو طلبہ قرآن کالج میں داخلہ لیں گے وہ دو سال میں ایف۔اے کرسکیں گے۔ قرآن کالج کے بورڈ آف گورنرز نے دو مزید اہم فیصلے کیے ہیں جن سے ہم اپنے قارئین کو مطلع کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔

آئندہ تعلیمی سال سے اگر اللہ نے چاہا تو قرآن کالج میں ایم۔اے معاشیات اور ایم۔اے عربی کی تدریس کا آغاز ہوجائے گا۔ پروگرام یہ ہے کہ ان شاء اللہ جولائی ۹۴ء کے آخر میں ایم۔اے کی کلاسوں میں داخلہ دیا جائے گا اور اگست ۹۴ء میں تدریس کا باقاعدہ آغاز ہوگا۔ یہ بات بھی طے کی گئی ہے کہ ایم اے کلاسوں میں داخلہ صرف ڈے سکالرز کو دیا جائے گا' تاہم قرآن کالج ہی سے گریجویشن کرنے والے طلبہ اس قاعدے سے مستثنیٰ ہوں گے۔

آئندہ تعلیمی سال سے ان شاء اللہ العزیز بی۔اے سال اول اور سال دوم میں دیگر نصابی اور اضافی مضامین کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کی ابتدائی تعلیم (application packages) کا سرٹیفکیٹ کورس بھی مکمل کروایا جائے گا۔ اس طرح قرآن کالج سے گریجویشن کرنے والے طلبہ کو کمپیوٹر کی مبادیات سے بھی بخوبی واقفیت حاصل ہوسکے گی۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

واضح رہے کہ کمپیوٹر کے سرٹیفکیٹ کورس کے لئے نہ تو طلبہ سے کوئی اضافی فیس لی جائے گی اور نہ ہی ان کی ٹیوشن فیس میں کوئی اضافہ کیا گیا ہے 'البتہ "لیب" (LAB) چارجز کے طور پر ان طلبہ کو پچاس روپے ماہانہ ادا کرنے ہوں گے۔ ایم۔اے کی کلاسوں میں داخلہ لینے والے طلبہ کو بھی اجازت ہوگی کہ وہ لیب چارجز ادا کر کے کمپیوٹر کے سرٹیفکیٹ کورس میں شمولیت کر سکیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے حلقہ احباب میں نہ صرف قرآن کالج کو متعارف کروائیں گے بلکہ مذکورہ بالا فیصلوں سے بھی انہیں آگاہ کریں گے۔ تفصیلات جاننے کے خواہش مند حضرات قرآن کالج کے پتہ پر دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر پراسپکٹس طلب فرمائیں۔ کالج کا پتہ نوٹ فرمالیجئے! قرآن کالج' ۱۹۱۔اتاترک بلاک' نیوگارڈن ٹاؤن' لاہور۔"

© rasailojaraid.c


لَن یَنَالَ اللّٰہَ لُحُومُھَا وَلَا دِمَاءُھَا وَلٰکِن یَنَالُہُ التَّقْوٰی مِنکُم

(الحج۔آیت ۳۷)

اللہ تک تمہاری قربانیوں کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا مگر تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔

قربانی ہماری معاشرتی رسم ہے یا دینی فریضہ!

عید الاضحیٰ کے مبارک موقع پر قربانی کے ساتھ

قربانی کی رُوح اور مقاصد کو سمجھنے کے لیے

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کی تالیف

**عیدُ الاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی**

کا مطالعہ ضرور کیجیے

• سفید کاغذ • رنگین سرورق • ۴۸ صفحات • قیمت صرف ۸ روپے

قریبی بکسٹال سے خریدیئے یا ہم سے منگوائیے!

مرکزی انجمن خدام القرآن، ۳۶۔K ماڈل ٹاؤن لاہور ۱۴


© rasailojaraid.c